میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ عراق

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

پیر، 22 ذی القعد ،1438ھ | 14/08/2017 | نمبر: 03/38

# گُردستان کی آزادی کے ریفرنڈم کو ملتوی کرنے سے قبل بارزانی کو امریکہ کی ضمانت درکار ہے

گُردستان حکومت کی ویب سائٹ پر گُرد ریاست کی خود مختاری کے حوالے سے بارزانی، نام نہاد کردستان کے صدر کی جانب سے 25 ستمبر 2017 کو ریفرنڈم کرانے پر زور دیئے جانے کے ضمن میں ایک بیان جاری کیا گیا جس کے بعد امریکی سیکریٹری خارجہ ٹیلرسن نے بارزانی کو مخاطب کرکے ریفرنڈم کو ملتوی کرنے اور "بغداد اور گُردستان کے درمیان مذاکرات میں مدد کرنے" کی واشنگٹن کی خواہش کا اظہار کیا۔ دوسری جانب بارزانی نے ریفرنڈم کو مکمل طور پر ختم کرنے کی بجائے صرف ملتوی کرنے کے لیے امریکہ اور بغداد کی ضمانت طلب کی ہے اور ان ضمانتوں کو سیاسی اور اخلاقی ذمہ داری بنادیا۔(العرب نیوز پیپر)

برزانی، جو خود ہی چھوٹا ہے، کئی سال پہلے ختم ہونے والی صدارت کو معزز قرار دیتا ہے، اچھی طرح سے جانتا ہے کہ صورتحال اب سازگار نہیں ہے لہٰذا وہ اپنے لوگوں کے حقوق کی دیکھ بھال کرنے کا دکھاوا کرکے مخالفین کے مطالبات سے اُن کی توجہ ہٹانا چاہتا ہے جو اس کے اور اس کے بدمعاش گروہ کے جال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ایسا اس لیے ہے کہ امریکہ اپنے اور ساتھ ساتھ اپنے حمایتیوں کے مفادات کے تحفظ پر توجہ دیتا ہے جو اس کی خدمت گزاری میں مصروف ہیں جیسا کہ ترکی اور ایران، اور شام میں خونی حکومت، اور یہ اس وقت تک چلتا رہے گا جب تک داعش کا بحران ختم نہیں ہوجاتا جس نے پورے خطے اور یورپی کمیونٹی کو پریشان کررکھا ہے۔

بارزانی نے اپنے امریکی و برطانوی آقاؤں کے ماتحت بہت فائدہ اُٹھایا ہے۔ لہٰذا وہ خوش تھا کہ اُن کے ناپاک اور شاطر منصوبوں کو کبھی علاقائی (ریجلائزیشن) اور کبھی مرکزی (فیڈریشنز) کے نام پر آگے بڑھانے میں وہ کردار ادا کرتا آیا ہے اور اُس نے غیر قانونی طور پر قابض زمینوں کو گروی رکھوادیا جو کہ جانداروں کی حفاظت کے لئے تھیں۔ امریکہ نے مقبوضہ کردستان کو مرکزی اور جنوبی عراق میں اسی طرز پر علاقے قائم کرنے کے لیے ایک مثال کے طور پر اپنایا ہے اور اُس نے انہیں ان کے بگڑے ہوئے آئین میں شامل کیا، اور بین الاقوامی اتحاد نے اس کا دلی طور پر دفاع کیا جبکہ داعش کردستان کی سرحدوں پر پہنچ رہی تھی تاکہ اس کو مثال بناکر عراق کے باقی بچ جانے والے علاقوں کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا جائے۔فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ "یہ (دنیا میں) تھوڑا سا ہنس لیں اور (آخرت میں) اُن کو اِن اعمال کے بدلے جو کرتے رہے ہیں بہت سا رونا ہوگا"(التوبۃ:82)۔

ہم ان تمام لوگوں کو، جو اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کو دھوکہ دیتے ہیں، ان کو ملنے والی سزا کا وعدہ کرتے ہیں، کیونکہ انشاء اللہ اللہ کی جانب سے مدد اور فتح جلد آنے والی ہے،وَلَيَنْصُرَنَّ اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ "اور جو شخص اللہ کی مدد کرتا ہے اللہ اس کی ضرور مدد کرتا ہے۔ بے شک اللہ توانا اور غالب ہے"(الحج:40)۔

## ولایہ عراق میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ای میل: hutiraq@yahoo.com
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info